C314

Total Pages : 2 Roll No. ....

BAUL-101

Bachelor of Art (B.A. 16/17)

First Year Examination, 2022 (June)

(Paper-Ist "URDU NASR")

بی.اے،سال اوّل، پہلا پرچہ : اردو نثر

Time : 2 Hours] **Max. Marks : 80**

نوٹ:۔ یہ پرچہ حصہ 'الف' اور 'ب' پر مشتمل ہے۔ ہر حصے کے سوالوں کا جواب متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجیے۔

حصہ (الف)

مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال ۲۰ نمبر کا ہے۔ ۴۰=۲×۲۰

سوال نمبر۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح مع سیاق و سباق کے ساتھ کیجیے۔

گاؤں کے جفاکش رہنے والے صبح ہونے سے پہلے ہی نیند کا پورا مزہ اٹھا چکتے ہیں۔ صبح کے تارے ہنوز جھلملانے بھی نہیں پاتے ہیں اور وہ اپنی رات کی ضروری راحت سے اکتا چکے ہیں۔ ایسے وقت میں نسیم سحر کے خوش گوار اور نازک جھونکے آتے ہیں اور بڑے ادب سے انہیں جگانے لگتے ہیں۔ اس وقت ان کے ناز اور بادِ سحر کے نیاز دیکھنے کے قابل ہوتے ہیں۔ صبح کی ہوا نہایت شگفتگی کے ساتھ جگاتی ہے اور وہ نہیں جاگتے صرف کروٹیں بدل بدل کر رہ جاتے ہیں۔...... صبح کے نقیب مرغان سحر اٹھتے ہیں اور انہیں اٹھاتے ہیں۔ غریب محنت پسند لوگ تازہ دم اٹھ بیٹھتے ہیں۔ وقت کی کیفیتوں کو نہایت غور سے اور بڑے لطف کے ساتھ دیکھتے ہیں۔ ان کا پہلا کام ہوتا ہے کہ جھونپڑوں سے باہر نکلے۔ آسمان کو دیکھا اس میں تارے جھلملا رہے تھے۔ افق مشرق کی روشنی پر نظر ڈالی جو رات بھر کے چمکے ہوئے تاروں پر غالب آتی جاتی تھی۔

یا

عورتوں کی حالت کی بہتری جو تربیت یافتہ ملکوں میں ہم نے تسلیم کر لی ہے اس میں کچھ یہی خیال ہم نے بے پردگی کی آزادی کا نہیں کیا ہے، کیوں کہ ہماری رائے میں ہندوستان میں اس باب میں جس قدر کہ تفریط ہے اسی قدر تربیت یافتہ ملکوں میں افراط ہے اور جو حد کہ شرع نے مقرر کی ہے اور جہاں تک کہ انسان اس پر غور کر سکتا ہے اور اپنی عقل کو کام میں لا سکتا ہے۔ بلاشبہ وہی حد بہ نہایت درست اور ٹھیک معلوم ہوتی ہے۔ اس مقام پر جو ہم کو بحث ہے وہ صرف مردوں کے عورتوں کے ساتھ حسن سلوک اور حسن معاشرت اور تواضع اور خاطر داری اور محبت اور پاس خاطر اور ان کی آسائش اور آرام اور خوشی اور فرحت کی طرف متوجہ ہونا اور ان کو ہر طرح پر خوش رکھنا اور بعوض اس کے عورتوں کو اپنا خدمت گزار تصور کریں، ان کو اپنا انیس اور جلیس اور رنج و راحت کا شریک اور اپنے کو ان کی اور ان کو اپنی باعث مسرت اور تقویت کے سمجھنے پر بحث ہے۔

سوال نمبر۲۔ محمد حسین آزاد کی حیات اور ادبی خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۳۔ انشائیہ اور قصہ گوئی میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر۴۔ ''مضمون'' کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اہم اجزا کی نشان دہی کیجئے۔

سوال نمبر۵۔ سرسید احمد خاں کی علمی اور تعلیمی خدمات پر مفصل مضمون قلم بند کیجئے۔

حصہ (ب)

مندرجہ ذیل میں سے کسی چار سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال ۱۰ نمبر کا ہے۔ ۱۰×۴=۴۰

سوال نمبر۱۔ نذیر احمد کی خدمات کا مختصر تعارف پیش کیجئے۔

سوال نمبر۲۔ ۱۸۵۷ء کے پس منظر پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۳۔ اپنے نصاب میں شامل کسی ایک نثر نگار کا تعارف پیش کیجئے۔

سوال نمبر۴۔ حالی کی شخصیت کے نمایاں اوصاف کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر۵۔ شرر کی انشائیہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر۶۔ مطلع کی تعریف کیجئے اور مثالیں دیجیے۔

سوال نمبر۷۔ خاکے کے اجزائے ترکیبی پر اپنی معلومات رقم کیجئے۔

سوال نمبر۸۔ مولوی عبدالحق کی زبان و بیان کی خوبیاں بیان کیجئے۔